سرخیاں

(۱)وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے پچھلی حکومت کے کرپشن کے الزامات سے نمٹتے ہوئے صاف ستھری حکومت کا وعدہ کیا ہے۔

(۲)الیکشن کمیشن نے اپنی ویب سائٹ پر الیکٹورل بانڈس کے بارے میں سپریم کورٹ کی رجسٹری سے ڈیجیٹل شکل میں حاصل ڈیٹا اَپ لوڈ کردیا ہے۔

(۳)بی آر ایس پارٹی کو اس وقت ایک دھکا لگا جب چیوڑلہ کے رکن پارلیمنٹ اور خیریت آباد کے رکن اسمبلی نے پارٹی سے استعفیٰ دے دیا اور کانگریس میں شامل ہوگئے۔

اور

(۴)مجلس اتحادالمسلمین نے آنے والے پارلیمانی چناؤ کے لئے تین امیدواروں کا اعلان کیا ہے۔اسدالدین اویسی ایک بار پھر حیدرآباد سے مقابلہ کریں گے۔

☆☆☆

جگتیال ضلع کے کورٹلہ منڈل میں وینکٹاپور کے قریب جگتیال۔نظام آباد سڑک پر ہونے والے ایک سڑک حادثہ میں تین لوگ ہلاک ہوگئے۔یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب میڈپلی جانے والی ایک بائیک نے ایک ٹھہرے ہوئی لاری کو ٹکر دے دی جس سے دو لوگوں کی مقام پر ہی موت ہوگئی جبکہ تیسرے نے دواخانہ لے جانے کے دوران اپنی آخری سانس لی۔مرنے والے میستری بتائے گئے ہیں۔

☆☆☆

بی آر ایس لیڈر راولا سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست میں بی جے پی اور کانگریس، بی آر ایس کو کمزور کرنے کے سیاسی مشن کے ساتھ گٹھ جوڑ کررہے ہیں۔حیدرآباد کے تلنگانہ بھون میں آج ایک نیوز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سریدھر ریڈی نے کہا کہ عوام نے محسوس کرلیا ہے کہ کانگریس اور بی جے پی دونوں کے کہنے اور کرنے میں بہت فرق ہے اور دونوں پارٹیوں کو آنے والے پارلیمانی چناؤ میں ووٹرس منہ توڑ جواب دیں گے۔انہوں نے وزیراعظم نریندر مودی کے اِس بیان پر تنقید کی ہے کہ بی آر ایس کے دس سالہ دور میں تلنگانہ کو ترقی سے محروم رکھا گیا۔انہوں نے بی آر ایس قیادت کے خلاف مرکزی وزیر کشن ریڈی کے ناشائستہ ریمارکس اور اسے چوروں کی پارٹی قرار دینے پر اعتراض کیا۔

☆☆☆

بی آر ایس رکن اسمبلی دانم ناگیندر نے آج پارٹی کو چھوڑ دیا اور کانگریس میں شامل ہوگئے۔دانم ناگیندر پہلے بی آر ایس رکن اسمبلی ہیں جو کانگریس پارٹی کی حکومت بننے کے بعد اس جماعت میں شامل ہوئے ہیں۔یہ ناگیندر کے لئے گھر واپسی ہے، جنہوں نے متحدہ آندھراپردیش میں 2009ء اور 2014ء کے درمیان کانگریس حکومت میں وزیر کی حیثیت سے خدمات انجام دی ہیں۔وہ 2018ء میں ٹی آر ایس میں شامل ہوئے تھے، جو اب بی آر ایس کہلاتی ہے۔وہ خیریت آباد حلقہ سے اسمبلی کے لئے چنے گئے۔انہوں نے حالیہ چناؤ میں اپنی نشست برقرار رکھی۔

☆☆☆

چیوڑلہ حلقہ کے بی آر ایس رکن پارلیمنٹ جی رنجیت ریڈی نے پارٹی سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ پارٹی صدر چندر شیکھر راؤ کو روانہ کئے گئے اپنے استعفیٰ میں انہوں نے پارٹی قیادت کی طرف سے تائید اور موقع دینے پر شکریہ ادا کیا۔انہوں نے ریاست کے موجودہ سیاسی حالات میں متبادل راستہ اختیار کرنے کے لئے اسے ایک مشکل فیصلہ بتایا۔ وہ کانگریس میں شامل ہو گئے۔

☆☆☆

بی آر ایس لیڈر آر لکشما ریڈی نے جو پارٹی امیدوار کی حیثیت سے ملکا جگری لوک سبھا حلقہ سے مقابلہ کریں گے، کہا ہے کہ ریاست کی عوام آنے والے پارلیمانی چناؤ میں ان کی پارٹی کو شاندار کامیابی دلانے کا ارادہ کر چکے ہیں۔ ملکا جگری حلقہ کے پارٹی ارکانِ اسمبلی، ارکان کونسل اور دوسرے منتخب نمائندوں کی ایک میٹنگ میں جو ملا ریڈی کی رہائش گاہ پر ہوئی انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ ریاست میں گلابی جھنڈا پھر سے لہرائے گا۔

☆☆☆

الیکشن کمیشن نے آج اپنی ویب سائٹ پر الیکٹورل بانڈس کے تعلق سے سپریم کورٹ کی رجسٹری سے ڈیجیٹل شکل میں حاصل ڈیٹا اَپ لوڈ کیا۔اس ڈیٹا کو www.eci.gov.in/candidate-politicalparty ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔الیکشن کمیشن نے ایک بیان میں کہا ہے کہ سیاسی جماعتوں نے سپریم کورٹ کی ہدایت پر مہر بند لفافہ میں الیکٹورل بانڈس کے تعلق سے ڈیٹا فراہم کیا ہے۔سیاسی جماعتوں کی طرف سے حاصل ڈیٹا مہر بند لفافوں کو کھولے بغیر سپریم کورٹ میں جمع کروایا گیا ہے۔اس سال 15 مارچ کو سپریم کورٹ کے حکم کے مطابق عدالت کی رجسٹری نے ایک مہر بند لفافہ میں پن ڈرائیو کے ساتھ ڈیجیٹل ریکارڈ اور نقول واپس کر دئے۔

☆☆☆

پی سی سی صدر اور وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے پچھلی حکومت کے کرپشن کے مسئلہ سے نمٹتے ہوئے صاف ستھری حکمرانی کا وعدہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت تلنگانہ کے عوام کی خدمت کی پابند ہے۔انہوں نے ایک خوشحال اور حرکیاتی ریاست کے مقصد کو حاصل کرنے میں تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔تلنگانہ میں کانگریس حکومت کے ایک سو دن پورے ہونے کے موقع پر تلنگانہ اسٹیٹ یونین ورکنگ جرنلسٹس کی طرف سے رکھے گئے صحافت سے ملاقات پروگرام میں خطاب کرتے ہوئے بی آر ایس صدر اور سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ پر تنقید کی اور الزام لگایا کہ انہوں نے بی آر ایس دور میں ریاست میں نظام جیسی حکومت قائم کرنے کی کوشش کی۔انہوں نے کہا کہ چندر شیکھر راؤ کی حکمرانی وآمرانہ دور کی یاد دلاتی تھی جسے نظام دور میں دیکھا گیا تھا۔انہوں نے چندر شیکھر راؤ جمہوریت کی اہمیت کو گھٹانے اور عوام کی آزادی کی توہین کا الزام لگایا۔ریونت ریڈی نے ان کی حکومت کے کاموں کا حوالہ دیا جن میں عورتوں کے لئے بس سفر، سبسیڈی پر گیس کی اسکیم اور کسانوں کے فائدے کے لئے رعیّتو بندھو اسکیم شامل ہیں۔

☆☆☆

مجلس اتحاد المسلمین آنے والے لوک سبھا الیکشن کے لئے اپنے تین امیدواروں کا اعلان کیا ہے۔ پارٹی صدر اور حیدرآباد کے رکن پارلیمنٹ اسدالدین اویسی نے بتایا کہ حیدرآباد سے ایک بار پھر وہ خود لڑیں گے۔اورنگ آباد سے موجودہ رکن پارلیمنٹ امتیاز جلیل پارٹی کے امیدوار ہوں گے۔کشن گنج سے اختر الایمان کو ٹکٹ دیا گیا۔پارٹی بعض دوسری سیٹوں سے مقابلہ پر غور کر رہی ہے۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ انہوں نے اِس سماجی سوچ کو توڑنے کے لئے کہ عورتیں ٹریکٹرس نہیں چلاسکتی، دیہاتوں میں لڑکیوں کو زرعی ڈرونس فراہم کئے۔ دہلی میں انڈیا ٹوڈے کانکلیو سے خطاب کرتے ہوئے مودی نے کہا انہوں نے نامو ڈرون دیدی یوجنا کے تحت دیہاتوں میں عورتوں کے اپنی مدد آپ گروپوں کو ایک ہزار ڈرونس دئے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت عورتوں کو معاشی اور تکنیکی اعتبار سے بااختیار بنانے کے لئے انہیں خاص طور پر منتخب کررہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بی جے پی حکومت نے پچھلے دس سال میں حکمرانی کا ایک بالکل نیا ماڈل تیار کیا ہے، جس میں اس شخص پر توجہ دی گئی جو ترجیحات کی فہرست میں سب سے آخر میں ہوتا ہے۔

☆☆☆

روسی فوج میں دھوکہ سے شامل کئے جانے والے حیدرآباد کے 30 سالہ نوجوان محمد اصفان کی تدفین بعد نمازِ ظہر مسجدِ قطب شاہی، بازار گارڈ میں ادا کی گئی۔ اسی مسجد میں نماز جنازہ پڑھائی گئی۔ اصفان کو ٹراویل ایجنٹ نے دھوکہ سے روس کی فوج میں بھرتی کرایا گیا تھا اور انہیں زبردستی یوکرین سے لڑنے کے لئے محاذ جنگ پر روانہ کیا گیا جہاں گولہ باری میں وہ ہلاک ہوگئے۔ کئی دوسرے نوجوان بھی ہے جنہیں ٹراویل ایجنٹس دھوکہ دے کر یوکرین لے گئے اور روسی فوج کے لئے کام کرنے پر مجبور کیا۔

☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آنے والے لوک سبھا چناؤ کے لئے ضابطہ اخلاق لاگو ہونے سے کچھ دن پہلے 37 کارپوریشنس کے صدورنشینوں کو مقرر کیا۔ ان تقررات کل تک بھی منظر عام پر نہیں لایا گیا تھا حالانکہ حکومت نے 14 مارچ کو جی او جاری کیا۔ اس فہرست میں جو اہم تقررات ہیں ان میں ٹی پی سی سی کے کارگذار صدر اور سنگاریڈی کے سینئر لیڈر جگا ریڈی کی بیوی نرملا ریڈی کو انڈسٹرئیل انفرا اسٹرکچر کارپوریشن کی سربراہ اور پٹیل رمیش ریڈی کو سیاحت کی فروغ کے محکمہ کا سربراہ بنانا شامل ہے۔ پریتم کو ایس سی کارپوریشن، سریکانت گوڑ کو بی سی فینانس، انویش ریڈی کو تلنگانہ سیڈس ڈیولپمنٹ، انیل ایرونت کو منرل ڈیولپمنٹ، نریلا ساردھا کو بی سی کمیشن، بلیا نائک کو گریجن فینانس ڈیولپمنٹ، گروناتھ ریڈی کو پولیس ہاؤزنگ اور پوڈم ویریا کو جنگلات کے فروغ کا سربراہ بنایا گیا۔

☆☆☆

نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی پہلے کئے گئے اعلان کے مطابق 15 سے 31 مئی کے درمیان CUET-UG امتحان کا اعلان کرے گی۔ اس مدت کے دوران دو تاریخیں عام انتخابات کی تاریخوں سے ٹکرا رہی ہیں جو 20 اور 25 مئی یو جی سی صدرنشین جگدیش کمار نے سوشیل میڈیا پر ایک پوسٹ میں بتایا کہ 26 مارچ کو درخواستیں داخل کرنے کی آخری تاریخ گذرنے کے بعد طلبہ اور ان کے جغرافیائی مقامات کے بارے میں بتایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس ڈیٹا اور انتخابی تاریخوں کی بنیاد پر این ٹی اے 15 سے 31 مارچ تک ڈیٹ شیڈ کا اعلان کرے گی۔